کیتھولک کلیسیا کے دو مضبوط ستون

مقدس پطرس اور مقدس پولوس دونوں عظیم مقدسین کی عید 258 سے 29 جون کو منائی جا رہی ہے۔ یہ وہ دن ہے جب آپ دونوں کی جسمانی باقیات زمین دوز قبرستان میں لائے گئے۔ انجیلِ مقدس کے مطابق مقدس پطرس پیشے کے لحاظ سے مچھیرے تھے اور آپ کو یسوع نے یہ کہہ کر بلایا کہ وہ آپ کو آدم گیر بنائے گا۔ آپ کا نام شمعون تھا لیکن خداوند یسوع نے آپ کے نام کو بدل کر پطرس رکھا جس کے معنی ''چٹان'' کے ہیں۔ آپ ایک سادہ اور حلیم شخص تھے۔ آپ کو خداوند نے ''رسولوں کا شہزادہ'' قرار دیا اور بعد میں آپ ہی یسوع کے بیان کردہ قول کے عین مطابق کلیسیا کے پہلے پاپائے اعظم بنے۔

جب مسیح خداوند پکڑوائے گئے تو آپ نے ڈر اور خوف کی وجہ سے اُن سے تعلق کا انکار کر دیا تاہم بعد میں پچھتا کر تبدیل ہو گئے۔ آپ نے روم میں مسیح خداوند کی منادی کی اور بہت سارے لوگوں کو مسیحی ایمان لانے میں کامیاب ہوئے۔ جب روم میں ایذارسانی شروع ہوئیں تو مسیحیوں نے آپ سے درخواست کی کہ آپ جان بچانے کی خاطر روم سے کسی اور جگہ چلے جائیں۔ کہا جاتا ہے جب آپ روم شہر سے باہر جا رہے تھے تو آپ کی ملاقات سرِ راہ خداوند یسوع مسیح سے ہوئی تو آپ نے پوچھا کہ ''اے خداوند آپ کہاں جا رہے ہیں''؟ تب یسوع نے جواب دیا میں جا رہا ہوں تا کہ دوبارہ صلیب پر مصلوب ہو ں۔ اس رویا کو آپ نے اصل حقیقت کے مطابق جلد سمجھ لیا اور فوراً واپس روم چلے آئے جہاں آپ کو گرفتار کر کے قید خانے میں رکھا گیا اور آپ کو مصلوب کر کے ہلاک کرنے کا فرمان جاری کیا گیا۔ جب آپ کو صلیب پر چڑھایا جا رہا تھا تو آپ نے کہا کہ وہ اپنے خداوند کی طرح نہیں بلکہ اُلٹا صلیب پر لٹکنا چاہتے ہیں۔ اس طرح تقریباً سن 67 میں آپ نے شہادت پائی۔

مقدس پولوس رسول وہ عظیم رسول ہے جو اپنی تبدیلی سے پہلے مسیحیوں کو اذیت دیا کرتا تھا۔ آپ کا اصل نام تارسیس کا شاؤل تھا۔ آپ ایک کٹر فریسی تھے اور آپ کی تبدیلی کے وقت خداوند یسوع نے آپ سے کہا تھا کہ ''تو دیکھے گا کہ تجھے میری خاطر کتنا دکھ سہنا پڑے گا''۔ آپ مسیح مصلوب سے بہت پیار کرتے تھے۔ اور اس لئے آپ بھی اپنی زندگی میں دکھ سہنے کے لیے تیار رہے۔ آپ کے بشارتی دوروں سے یہ معلوم ہوتا تھا کہ آپ نے بے شمار خطروں اور مشکلات کا سامنا کیا، کوڑے کھائے، سنگسار کئے گئے اور سردی کو برداشت کیا۔ تاہم آپ نے نہ تو کبھی خدا پر بھروسہ کرنا چھوڑا اور نہ ہی خداوند کی منادی کرنا۔ جب آپ کو یہ معلوم ہوا کہ شہنشاہ نے روم میں مسیحیوں کو اذیت دینا شروع کر دیتی ہے تو مسیحیوں کے ایمان کی مضبوطی کے لئے آپ روم چلے گئے۔ آپ کے روم آتے ہی، مقدس پطرس کے ساتھ آپ کو بھی قید خانے میں ڈال دیا گیا۔ کہا جاتا ہے کہ جب آپ دونوں کو ہلاک کرنے کے لیے لے جایا گیا تو آپ ایک دوسرے کو حوصلہ دیتے رہے لیکن ایک مقام پر آپ دونوں کو جدا کر دیا گیا۔ آپ کو ایک دوسری جگہ لے جا کر آپ کا سر تن سے جدا کر کے شہید کر دیا گیا۔